GALLUP INTERNATIONAL

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
World Leaders in Marketing Research & Consultancy

**The onset of summers brings along with it frequent power shutdowns: Gallup Pakistan Survey**

Dated: May 25, 2007

According to a recent survey conducted by *Gallup Pakistan*, majority (78 %), of Pakistan's urban citizens revealed that there is a power shut down in their area almost everyday.12 percent of the urban respondents claimed that there is load shedding in their area once a week and a further 3 % respondents said that they had a power shut down at least once a month. 4% of the respondents said that a power shut down in their area was very rare whereas 1 % claimed that there is no loading shedding in their area. The remaining 2 percent of the nationwide urban respondents either gave no response or said that they did no know. *((It may be noted that this survey was conducted before the official announcement of the regular nationwide load shedding due to power shortages during the summer months. The incidence of unavailability of power might have changed since then).*

When asked as to what they use in order to get some light when there is a power shut down , 29 % of the respondents said that they use candles, 28% said they lit up gas lamps , 19 % used emergency lights while 5% of the urban respondents said that they used generators. On the contrary, 10 % of the respondents said that they don't use anything while 9 % of the respondents said they go out into the open air.

The respondents were also asked about their opinion on the major cause behind the frequent power shut downs. Majority, 41 % of the respondents blamed the inefficiency of WAPDA, 28 % believed that it was due to the shortage of water resources, 16 % blamed the faulty electric lines while 13 % of the respondents believed that it was due to the improper maintenance of the power cables. Further 1 % of the respondents gave other various reasons whereas the remaining 1% of the respondents said that they did not know or gave no response.

This survey by Gallup Pakistan, an affiliate of Gallup International, was conducted on a sample of over 1400 nationwide urban respondents across all four provinces of Pakistan. This sample was statistically selected across all ages, income groups and educational levels. The error margin for a sample of this kind is estimated to be ± 5% at a 95% confidence level.

GALLUP INTERNATIONAL

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
World Leaders in Marketing Research & Consultancy

## گرمی کی شروعات کے ساتھ ہی لوڈ شیڈنگ میں اضافہ: (گیلپ پاکستان سروے)

اسلام آباد: 25 مئی 2007

گیلپ پاکستان کے حالیہ کیے گئے سروے کے مطابق اکثریت 78% پاکستانی شہریوں کا کہنا ہے کہ ان کے علاقے میں تقریباً روزانہ لوڈ شیڈنگ ہوتی ہے۔ 12% لوگوں کا کہنا ہے کہ انکے علاقے میں ہفتے میں ایک بار بجلی جاتی ہے، 3% لوگوں کے مطابق ان کے علاقے میں مہینے میں ایک بار بجلی جاتی ہے، جبکہ 4% کا کہنا ہے کہ ان کے علاقے میں لوڈ شیڈنگ بہت کم ہوتی ہے۔ مزید 1% جواب دہندگان کے مطابق ان کے علاقے میں بجلی بالکل بھی نہیں جاتی۔ ملک کے باقی 2% شہری جواب دہندگان نے کوئی جواب نہیں دیا یا وہ اس بارے میں نہیں جانتے۔ (برائے مہربانی نوٹ فرما لیجیے کہ یہ سروے گرمیوں میں بجلی کی کمی کے باعث باقاعدگی سے ملک گیر لوڈ شیڈنگ کے سرکاری اعلان سے پہلے کیا گیا تھا اور ممکن ہے کہ اس سروے کے بعد لوڈ شیڈنگ کے تناسب میں اضافہ ہوا ہو)۔

جب لوگوں سے یہ پوچھا گیا کہ بجلی جانے پر وہ کیا کرتے ہیں تو 29% نے کہا کہ وہ روشنی کے لیے موم بتی جلاتے ہیں۔ 20% گیس لیمپ جلاتے ہیں، 19% ایمرجنسی لائٹ کا استعمال کرتے ہیں اور مزید 5% نے جواب دیا کہ ان کے پاس جنریٹر موجود ہے۔ 10% جواب دہندگان نے کہا کہ وہ کچھ بھی نہیں کرتے جبکہ 9% لوگوں نے جواب دیا کہ وہ باہر کھلی فضا میں چلے جاتے ہیں۔

جواب دہندگان سے یہ بھی پوچھا گیا کہ ان کے خیال میں اکثر بجلی جانے کا سب سے بڑا سبب کیا ہے۔ 41% جواب دہندگان کے خیال میں سب سے بڑی وجہ واپڈا کی نا اہلی ہے، 28% کے خیال میں لوڈ شیڈنگ کا سب سے بڑا سبب پانی کی کمی ہے۔ 16% لوگوں کے مطابق بجلی جانے کا سبب بجلی کی خراب لائنیں ہیں۔ جبکہ 13% لوگوں کے خیال میں ایسا تاروں کی غیر موثر مرمت کی وجہ سے ہے۔ 1% جواب دہندگان نے مختلف وجوہات بتائیں جبکہ باقی 1% نے کہا کہ وہ نہیں جانتے یا انہوں نے جواب نہیں دیا۔

یہ سروے گیلپ پاکستان نے ملک کے چاروں صوبوں کے شہری علاقوں میں شماریاتی طور پر منتخب 1400 سے زائد افراد سے کیا گیا جن میں مختلف عمر، آمدنی اور تعلیم سے تعلق رکھنے والے مرد اور خواتین کی نمائندگی تھی۔ اسے شماریات کی سائنسی اصولوں کے مطابق کیا گیا ہے۔